## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

كليه عربي وعلوم اسلاميه

**شعبہ قرآن و تفسیر**

### وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: علوم القرآن (1)(4613) — سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

### ہدایت نامہ برائے طلباء

**ایم اے علوم اسلامیہ (ODL موڈ)**

**عزیز طلبہ ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر1

**(یونٹ:1تا 5 )**

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

سوال نمبر1۔ مکی اور مدنی سورتوں کا مفہوم اور خصائص تفصیل سے بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر2۔ اقسام وحی پر ایک جامع نوٹ قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ جملہ قرآنی علوم کا ایک اجمالی تعارف تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ تعلیم قرآن کے آداب پر جامع نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ مخاطبین قرآن کے گمراہ فرقوں پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر2

**(یونٹ:6 تا 9 )**

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

سوال نمبر1۔ اسباب نزول کے بارے میں شاہ ولی اللہؒ کا نکتہ نظر بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے عہد میں جمع و قرآن کریم کی خصوصیات ذکر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ شرائط اثبات معجزہ پر نوٹ قلم بند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ اسلوب قرآن کریم پر ایک جامع نوٹ قلم بند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر5۔ اُردو کی کسی ایک تفسیر کا تعارف کریں جس میں نظم قرآن کی رعایت رکھی گئی ہو۔ (20)